سوال

(167) نمازِ تہجد کا رمضان مبارک میں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازِ تہجد کا رمضان مبارک میں پڑھنا اور باجماعت ادا کرنا سنت ہے یا بدعت؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ تہجد اور تراویح ایک ہی ہے۔ چنانچہ رسالہ ''اہل حدیث کے امتیازی مسائل'' میں ہم نے اس پر مفصل بحث کی ہے۔ تراویح، تہجد جب ایک ہوئی تو رمضان میں قیام جماعت ادا کرنا بھی ثابت ہوگیا۔ کیونکہ تین روز رمضان میں رسول اللہ ﷺ نے باجماعت قیام کیا ہے۔ پھر فرض ہونے کے خوف سے ترک کردیا۔ چنانچہ مسلم شریف میں حدیث ہے۔ اب چوں کہ فرض ہونے کا خوف نہیں۔ اس لیے باجماعت پڑھنا مسنون ہے۔ عبداللہ امرتسری

(فتاویٰ اہل حدیث ص ۲،۲۸۹)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 254

محدث فتویٰ